
9

# بادل آئے، بارش لائے

4312CH09

## اپو نے کیلا کھایا



اپّو کو کیلے بہت پسند ہیں۔ وہ روز کیلے کے پیڑوں سے کیلے توڑ کر کھاتا ہے۔


ایک دن اُس نے دیکھا کہ کیلے کے پیڑ مُرجھا رہے ہیں۔ بہت دنوں سے بارش جو نہیں ہوئی تھی۔



اپّو بولا میں ابھی اپنی سونڈ میں پانی بھر کر لاتا ہوں۔ وہ ندی کی طرف چل پڑا۔

ندی سے اپو نے جی بھر کر پانی پیا۔

سونڈ میں پانی بھر بھر کر وہ خوب نہایا۔



پھر سونڈ میں پانی بھر کر لایا اور پیڑوں کو بھی نہلا دیا۔

پانی ملتے ہی کیلے کے پیڑ کِھل اُٹھے۔

اپّو بولا اب میں روز تمھارے لیے پانی لاؤں گا، تم مجھے میٹھے میٹھے مزے دار کیلے جو دیتے ہو۔

© NCERT not to be republished



2019-20

* اپو کو کیسے پتا لگا کہ کیلے کے پیڑ کو پانی چاہئے؟

* تمہارے گھر کے آس پاس کے پودوں کو پانی کہاں سے ملتا ہے؟

* اپو نے ندی سے جی بھر کر پانی پیا۔ تم نے جانوروں کو پانی پیتے دیکھا ہے؟ کہاں کہاں دیکھا ہے؟

* کیا تم نے کبھی کسی جانور کو پانی پلایا ہے؟ اگر ہاں، تو کس جانور کو؟


* کچھ جانوروں کو کوئی پانی نہیں پلاتا ہے۔ وہ پانی کہاں سے پیتے ہیں؟

اس کہانی میں تم نے پڑھا کہ کیلے کے پیڑ کو اپو نے پانی دیا۔ لیکن ہاتھی پیڑوں کو ایسے پانی نہیں دیتے۔ تو پھر ان پیڑ پودوں کو پانی کہاں سے ملتا ہے؟

پیڑ پودوں کو زیادہ تر پانی بارش سے ملتا ہے۔ بارش ہوتے ہی پیڑ پودے کھِل اُٹھتے ہیں۔

آؤ ایک نظم پڑھتے ہیں۔

© NCERT not to be republished



# بادل آئے

گورے گورے، کالے کالے،
بادل آئے جادو والے!
بن جاتے ہیں کبھی
کُتا-گُڈیا
ہاتھی-گھوڑا
اور کبھی
ہنسوں کا جوڑا
یا پھر بن کر ارنا بھینسے
دوڑیں گے ہو کر متوالے!
پل میں آتے
پل میں جاتے
مہینوں کبھی
نظر نہ آتے
اور کبھی جم جاتے ایسے
ہفتوں تک نہ ٹلتے ٹالے!
کبھی گرجتے
کبھی برستے
اندر دھنش کے
رنگ پروستے
اور کبھی اولے برسا کے
توڑ گئے ہیں شیشے پیالے!

ہریش نگم
چکمک (اکلو)

© NCERT not to be republished



* شاعر کو بادلوں میں بہت چیزیں دکھائی دیں۔ کیا بادلوں میں تمھیں کبھی کچھ دکھائی دیا ہے؟ کیا؟
* بادل کیا کیا کرتے ہیں؟
* کیا تم نے کبھی دھنک (اندر دھنش) دیکھا ہے؟ تمھیں دھنک کب دکھائی دیتا ہے؟
* تمھیں بارش آنے پر کیسا لگتا ہے؟
* بارش آنے پر بادلوں کے علاوہ اور کیا کیا دکھائی دیتا ہے؟
* جب بارش ہوتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟



بارش ہونے پر ناؤ بنانے اور اسے پانی میں چلانے میں مزہ آتا ہے نا؟
کاغذ کی ناؤ بناؤ اور اُسے پانی میں تیراؤ۔

کیا تم نے بارش میں کوئی پریشانی جھیلی یا دیکھی ہے؟ بارش میں اپنے تجربات کی تصویر بناؤ۔

واہ رے بارش تیری شان، کوئی ہے خوش، کوئی پریشان

© NCERT not to be republished

بارش سے متعلق بچوں کے تجربات کو سننے سے بارش سے ہونے والے اچھے اور برے دونوں اثرات پر تفصیلی گفتگو ہو سکتی ہے۔